# 03-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میٹروپولیٹن واٹرسپلائی اینڈ سیوریج بورڈ کو ہدایت دی ہے کہ گریٹر حیدرآباد میں آئندہ 25 برسوں تک صاف پانی کی سپلائی اورسیوریج مینجمنٹ کویقینی بنانے کے لئے جامع انفراسٹرکچر منصوبے کامسودہ تیار کرے۔

۲۔نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکا نے کہا کہ ریاست کی نئی توانائی پالیسی بہت جلد لائی جائے گی۔

۳۔ریاستی گورنرجشنودیوورما نے نوجوانوں پرزوردیا کہ وہ ملک کی اقتصادی ترقی میں اہم کردارادا کریں۔

اور

۴۔بی آرایس ایم ایل سی کے کویتا نے کانگریس حکومت پرزوردیا کہ وہ مجوزہ مجالس مقامی انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات اور کاماریڈی بی سی ڈکلریشن کونافذ کرے۔

OO

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حیدرآباد میٹروپولیٹن واٹرسپلائی اینڈ سیوریج بورڈ کو ہدایت دی ہے کہ گریٹر حیدرآباد میں آئندہ 25 برسوں تک صاف پانی کی سپلائی اورسیوریج مینجمنٹ کویقینی بنانے کے لئے جامع انفراسٹرکچر منصوبے کا مسودہ تیار کرے۔وزیراعلیٰ نے سال 2050 تک شہر کی ضروریات کوذہن میں رکھتے ہوئے طویل مدتی منصوبہ تیارکرنے کی ہدایت دی۔انٹگریٹڈ کمانڈ کنٹرول سینٹر بنجارہ ہلز میں ایک واٹر بورڈ کے ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے پانی اورسیوریج کے موثر اور پائیدار لائحہ عمل تیارکرنے کے لئے ماہرایجنسوں اور کنسلٹنٹس کے ساتھ اشتراک کرنے پرزوردیا۔وزیراعلیٰ نے واٹر بورڈ سے کہا کہ حیدرآباد میں پانی کے انفراسٹرکچر کومزید بہتر بناتے ہوئے اختراعی ریوینیو پالیسیز اختیار کرنے کی ضرورت ہے۔اس موقع پر عہدیداروں نے وزیراعلیٰ کو جانکاری دی کہ دریائے گوداوری، کرشنا، سنگور، مانجیرا کا پانی تقریباً 9800 کلومیٹر سپلائی نظام کے ذریعے حیدرآباد کے 13 اعشاریہ 79 لاکھ کنکشنس تک سربراہ کیا جارہا ہے۔واٹر بورڈ کے ایم ڈی اشوک ریڈی نے بورڈ کی مالیاتی رپورٹ پیش کی اور 8800 کروڑ روپے کے ریوینوں خسارے کواجاگر کیا۔

OO

ریاستی وزیرپنچایت راج ڈی اناسویا سیتااکا نے کہا کہ آنگن واڑی مراکز نقائص سے پاک ہوں اورموثر طریقے سے کام کریں۔ریاستی وزیر نے آج سکریٹریٹ میں ضلع سطحی میٹنگ کے دوران محکمہ بہبودی خواتین واطفال کی اسکیموں کے نفاذ اورکاموں میں ہورہی پیشرفت کا جائزہ لیا۔انہوں نے محکمہ کے تمام افسران کواپنی کارکردگی بہتر بنانے ،اپنی ذمہ داریوں کے تئیں دیانت دار رہنے اوراپنے اہداف کومقررہ وقت تک حاصل کرنے پرزوردیا۔ریاستی وزیر نے ضلع کلکٹروں اورمحکمہ بہبود افسران سے کہا کہ وہ سماج کے کمزوراورغریب طبقات تک فلاحی پروگرامس پہنچانے کو یقینی بنائیں۔سیتااکا نے ضلع افسروں سے کہا کہ وہ آنگن واڑی مراکز کا متواتر دورہ کرتے رہیں اوروہاں تغذیہ بخش غذا کی فراہمی کویقینی بنائیں۔

○○

بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا نے کانگریس حکومت پر زور دیا کہ وہ مجوزہ مجالس مقامی انتخابات میں پسماندہ طبقات کو 42 فیصد تحفظات اور کاماریڈی بی سی ڈکلریشن کو نافذ کرے۔ تلنگانہ جاگروتی کے زیر اہتمام اندرا پارک پر آج منعقدہ بی سی اسوسی ایشنس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کویتا نے کہا کہ ماضی میں پسماندہ طبقات کے ساتھ ناانصافیاں ہوئی ہیں۔ کویتا نے جواہر لال نہرو کے دور میں کاکا کالیلکر کمیشن کی رپورٹ مسترد کئے جانے اور اندرا گاندھی کے دورِ حکومت میں منڈل کمیشن کی رپورٹ میں کی گئی تاخیر کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ کانگریس پسماندہ طبقات کے مسائل کو حل کرنے میں ناکام رہی ہے۔ کویتا نے کہا کہ حالانکہ ذات پات سے پاک معاشرہ کے کئی بار وعدے کئے گئے ہیں لیکن ذات پات ہندوستان کی ایک اٹل حقیقت ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس نے پسماندہ طبقات کے ساتھ دھوکہ کیا ہے۔

○○

نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ ریاست کی نئی توانائی پالیسی بہت جلد لائی جائے گی۔ ایچ آئی سی سی مادھو پور حیدرآباد میں تلنگانہ کلین اینڈ گرین انرجی پالیسی 2024ء کے اجرا کے موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاستی حکومت نئی توانائی پالیسی لاتے ہوئے سال 2030ء تک 20 ہزار میگاواٹ کلین انرجی کی گنجائش پیدا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ فی الحال توانائی کی ضرورت 15623 میگاواٹ ہے اور سال 2030ء تک یہ طلب 24 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کرسکتی ہے۔ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ تمام شراکت داروں کی تجاویز اور سفارشات ریاستی کابینہ تک پہنچائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ نئی توانائی پالیسی کے ایک حصہ کے طور پر چھتوں پر سولار پیانلز کی تنصیب کی جائے گی اور خاص کر دیہی علاقوں میں کسانوں کے پمپ سیٹس پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین سیلف ہلپ گروپس کو چار ہزار میگاواٹ برقی سپلائی سربراہ کرنے کا منصوبہ ہے۔ ایک ہزار میگاواٹ کے لئے پہلے ہی یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے جاچکے ہیں۔ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ کلین اینڈ گرین انرجی کے شعبہ میں اسٹارٹ اپس کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ اس موقع پر محکمہ توانائی کے سکریٹری سندیپ کمار اور سنگاریڈی کے سی ایم ڈی بلرام نائک بھی موجود تھے۔

○○

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے آئی آئی ٹی حیدرآباد کو جدت پسندی کے لئے روشنی کا مینار قرار دیا۔ آئی آئی ٹی حیدرآباد کی جانب سے اس کے کیمپس واقع سنگاریڈی میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ حیدرآباد۔آسٹریلیا۔انڈیا کریٹیکل منرل ریسرچ ہب کے موضوع پر ورکشاپ سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت اختراع پسندی، پائیداری اور سائنٹفک ترقی کے عہد کی پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت گرین انرجی، پائیدار تکنالوجی اور سائنٹفک جدت پسندی کے میدان میں آگے بڑھنے کے لئے کام کررہی ہے۔ نائب وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ آئی آئی ٹی میں کی جانے والی تحقیقی سرگرمیوں سے صنعتوں کی کارکردگی کو بہتر بنانے اور معیشت کو فروغ دینے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے آسٹریلیا۔انڈیا منرل ریسرچ ہب کی پہل کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ اس سے اہم معدنیات کی سپلائی کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

○○

تلنگانہ کے عادل آباد میں بیتی رات اقل ترین درجہ حرارت 7.2 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔محکمہ موسمیات نے جانکاری دی ہے کہ تلنگانہ کے بعض اضلاع میں آئندہ پانچ دنوں تک صبح کے اوقات میں دھند چھائی رہ سکتی ہے۔آئندہ تین دنوں کے دوران درجہ حرارت معمول سے دو تا چار ڈگری سلسیس کم رہنے کا امکان ہے۔

○○

تلنگانہ حکومت نے ہر سال 3 جنوری کو ساوتری بائی پھولے کی یوم پیدائش کی موقع پر خاتون اساتذہ کا دن منانے کا فیصلہ کیا ہے۔سرکاری اعلامیہ میں بتایا گیا کہ ساوتری بائی پھولے نے تعلیم کے ذریعہ خواتین کو بااختیار بنانے کی بنیاد رکھی تھی اور سماج میں خواتین کو مساوات فراہم کرنے کے لئے جدوجہد کی تھی۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ عوامی حکومت ساوتری بائی پھولے کی امنگوں کو پورا کرنے کے عہد کی پابند ہے۔وزیراعلیٰ نے کہا کہ ایک کروڑ خواتین کو لکھ پتی بنانے کے مقصد کو فروغ دینے کے لئے حکومت نے خواتین کو بااختیار بنانے کے لئے ترجیح دی ہے۔وزیراعلیٰ نے خاتون اساتذہ سے کہا کہ وہ ہر سال ساوتری بائی کے یوم پیدائش پر خواتین اساتذہ کا دن منائیں۔ریاستی وزیر پنچایت راج ڈی انا سویا سیتاا کا نے پرجا بھون حیدرآباد میں سماجی اصلاح کار ساوتری بائی پھولے کی یوم پیدائش پر ان کے پوٹریٹ پر پھول مالا چڑھاتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔اس موقع پر سیتاا کا نے خواتین کی تعلیم اور انہیں بااختیار بنانے میں پھولے کے کردار پر روشنی ڈالی۔

○○

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے آج تاریخی گولکنڈہ قلعہ میں میجر جنرل اجے مشرا جی او سی ٹی اے ایس اے اور دیگر سینئر فوجی افسروں کی موجودگی میں اپنی فوج کو جانئے کے موضوع پر تین روزہ میلہ کا افتتاح دیا۔اتوار تک جاری رہنے والے اس میلہ کے اوقات صبح 9 سے شام 5 بجے رہیں گے۔اس دوران شہریوں خاص طور پر نوجوانوں کو فوجیوں کے بارے میں بتایا جائے گا۔یہ میلہ فوج اور عوام کے درمیان ایک پل کے حیثیت رکھتا ہے۔ اس میلہ کے دوران فوج کے اسلحہ اور آلات کی نمائش کی جائے گی۔

○○

حیدرآباد کے مادھو پور میں واقع ایچ آئی سی سی میں آج شام سے ورلڈ تلگو فیڈریشن کی 12 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز ہورہا ہے۔ آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ چندرا بابو نائیڈو کے ہاتھوں اس کا افتتاح ہوگا۔افتتاحی تقریب میں آندھراپردیش کے وزیراعلیٰ تجارتی مواقعے اور دیگر پالیسیوں کے بارے میں بات کرسکتے ہیں۔اس موقع پر چندرا بابو نائیڈو ڈبلیو ٹی ایف کے ساونیر کا اجرا کریں گے اور تلگو اینجل پروگرام بھی لانچ کریں گے۔تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس کانفرنس کے اختتامی اجلاس میں شرکت کرسکتے ہیں۔

○○

ریاستی گورنر جشنو دیو ورما نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ ملک کی اقتصادی ترقی میں اہم کردار ادا کریں۔انجینئرنگ اسٹاف کالج آف انڈیا میں منعقدہ اسکول آف پوسٹ گریجویٹ اسٹڈیز کی گریجویشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر نے اسکل ڈیولپمنٹ کی اہمیت کو اجاگر کیا اور کہا کہ نوجوانوں کو دنیا میں ابھرتی ہوئی تکنالوجی کو تیزی کے ساتھ اپنانا چاہئے۔گورنر نے کہا کہ نوجوان نئے ہنر سیکھیں اور آرٹیفیشل انٹلیجنس اور ڈاٹا سائنس اور مشین لرنگ سیکھیں جو کہ عالمی سطح پر اہمیت کا حامل ہے۔اس موقع پر گورنر نے طلبہ کو گولڈ اور سلور میڈلس کے ساتھ سرٹیفکیٹس ادا کئے۔اس تقریب سے انسٹیٹیوشن آف انجینئرس کے صدر وی پی سنگھ نے بھی خطاب کیا۔

○○

ریجنل پاسپورٹ آف حیدرآباد اپنے ٹولی چوکی وامیر پیٹ پرواقع پاسپورٹ سیوا کیندر کو کسی دوسرے مقام پر منتقل کرنے کی تیاری کرر ہا ہے۔آر پی او کی جانب سے اپائنمنٹ کے عمل کو مزید آسان بنانے کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ریجنل پاسپورٹ آفیسر جے اسنیہا جانے بتایا کہ اس سال کے پہلے ششماہی کے دوران دو سے تین پاسپورٹ سیوا کیندر کو کسی بہتر مقام پر منتقل کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اپائنمنٹ کی تعداد میں اضافہ کیا جارہا ہے۔

○○

سندھیا تھیٹر بھگدڑ کیس میں نامپلی کی عدالت نے فلی اداکار الوارجن کو آج باقاعدہ ضمانت دے دی ہے۔ الوارجن کو 13 دسمبر کو مچی بھگدڑ کے ضمن میں گرفتار کیا گیا تھا اور انہیں 50 ہزار روپے کے باونڈ پر اسی روز عبوری ضمانت دے دی گئی تھی۔